نظامِ جاہلیت سے تعاون اسلامی نقطۂ نظر سے

مؤلفین: مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودیؒ، مولانا صدر الدین اصلاحی ۔ مرتبہ: خالد حامدی صاحب
ناشر: ادارۂ شہادتِ حق، پوسٹ بکس نمبر ۹۷۰۲ جامعہ نگر، نئی دہلی (بھارت) ۱۱۰۰۲۵
صفحات: ۱۲۲ قیمت: ۱۲/- روپے

یہ کتابچہ اصل میں مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودیؒ اور مولانا صدر الدین اصلاحی کے چند ایسے مضامین کا مجموعہ ہے جس میں اہلِ اسلام کے نظامِ جاہلیت سے تعاون کرنے یا نہ کرنے کے مسئلے پر شرعی بحث کی گئی ہے۔ اور ضمناً اس میں غیر اسلامی نظامِ حکومت کی رکنیت، ملازمت اور اُس کی قانون ساز مجالس میں شرکت کے مسائل بھی زیرِ بحث آگئے ہیں۔ اسلامی سیاسیات سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ایک مفید رہنمائی ہے۔

مسلم پرسنل لاء

اشاعتِ خاص ماہنامہ "دار العلوم" (دیوبند۔ بھارت)
مدیر: مولانا حبیب الرحمٰن قاسمی ۔ پاکستان میں ملنے کا پتہ: عبدالستار مہتمم جامعہ محمودیہ داؤد والا، شجاع آباد۔ ملتان ۔ صفحات: ۲۰۰ ، اس خاص مجلہ کی قیمت ۳۶/- روپے ۔ سالانہ چندہ ۹۰/- روپے۔

یہ ماہنامہ "دار العلوم" (دیوبند۔ بھارت) کا خصوصی نمبر ہے۔ اس میں شریعت ایکٹ یا مسلم پرسنل لاء کا تاریخی پس منظر، اس کے بعض پہلوؤں کا ناقدانہ جائزہ اور موجودہ بھارت میں اس متنازعہ مسئلے کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ بابری مسجد کے بارے میں بعض تاریخی حقائق پیش کیے گئے ہیں۔ بھارتی قانون سی آر پی سی دفعہ ۱۲۵ کا تقابل شریعت کے قانونِ متاعِ طلاق بخلاف نفقۂ مطلقہ سے کیا جائے گا ۔ ۲۱ علمائے دین کے ۲۱ علمی مضامین کا یہ مفید مجموعہ اور اہم نمبر ہے۔